نقد و نظر

حقوق الوالدین

تصنیف : مولانا محمد عاشق الٰہی بلند شہری

ملنے کے پتے : (۱) مکتبہ دار العلوم - کراچی ۱۴

(۲) ادارۂ اسلامیات، ۱۹۰ انار کلی - لاہور

صفحات ۱۲۸ - قیمت تین روپے پچھتر پیسے

مولانا محمد عاشق الٰہی بلند شہری، ہندوستان کے نامور عالم دین ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب انھوں نے حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کے ارشاد کے مطابق تصنیف کی ہے - اس میں فاضل مصنف نے قرآن و حدیث کی روشنی میں والدین کے حقوق کی وضاحت کی ہے اور بتایا ہے کہ ان کے اکرام و احترام کے کیا حدود ہیں، ان کی خدمت سے انسان کن فضائل و درجات کا مستحق قرار پاتا ہے اور ان کی نافرمانی و ایذا رسانی کتنا بڑا شرعی اور اخلاقی جرم ہے۔ علاوہ ازیں رشتے داروں کے حسنِ سلوک اور صلۂ رحمی کے بارے میں بھی کتاب و سنت میں جو تاکید کی گئی ہے، اس کو صراحت سے بیان کیا ہے۔ اس میں جو فوائد و منافع مضمر ہیں ان کو بھی حیطۂ تحریر میں لایا گیا ہے۔

مصنفِ شہیر نے اس ضمن میں پہلے آیاتِ قرآن کو جمع کیا ہے، بعد ازاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چالیس احادیث درج کی ہیں جو والدین کی اطاعت اور ان سے حسنِ سلوک سے متعلق ہیں۔ احادیث کے ترجمے کے ساتھ ان کی تشریح بھی کی ہے۔

کتاب اپنے موضوع میں بڑی جامع ہے اور اس سلسلے کے پورے مواد کو محیط ہے - اس کا مطالعہ ہر شخص کو کرنا چاہیے۔ بچوں کو بالخصوص پڑھائی جانی چاہیے تاکہ ابتدا ہی میں ان کے ذہن میں ماں باپ کا احترام راسخ ہو جائے اور دیگر رشتے داروں کی تکریم کے بارے میں وہ اسلامی نقطۂ نظر سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ کتابت، کاغذ، طباعت بہتر۔